کے اعتبار سے بڑے اہم اور مفصّل ہونے کے ساتھ ساتھ متعلقہ مسئلہ کا خوب احاطہ کرتے ہیں ۔ مضامین نگار ملک بھر کی جامعات، کالجز اور عربی مدارس سے تعلق رکھتے ہیں اور اپنے اپنے میدان میں مہارت تامّہ کے حامل ہیں کسی ملک و قوم کے لئے تعلیم ریڑھ کی ہڈی یا دل کی حیثیت رکھتی ہے، اس کی اصلاح ہی سے ملک قوم کی تعمیر و ترقی کا صحیح کام ہو سکتا ہے، بدقسمتی سے ہمارے یہاں ایسا نہیں، ایسے ماحول میں اس کالج نے یہ خصوصی مجلہ شائع کرکے احسان کیا ہے، اُمید کہ اس کے ٹھوس، جاندار اور مدلّل مقالات سے تعلیمی اصلاح و ترقی کے لئے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے گا اور کالج کی نئی انتظامیہ اس سلسلۂ خیر کو جاری رکھ کر اپنی نیک نامی میں اضافہ کرے گی ۔

(۴)

نام کتاب : پاکستان اسٹیٹ آئل ریویو (خصوصی سیرت نمبر)

ناشر : پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ - پی او بکس ۲۹۸۳ - کراچی ۔

پی ایس او پاکستان میں تیل سپلائی کرنے والا ایک عظیم ادارہ ہے جو کہ خالصتہً تجارتی بنیادوں پہ کام کرتا ہے ۔ لیکن یہ دیکھ کر خوشگوار حیرت ہوئی کہ یہ ادارہ اپنے ہاں سے جو پرچہ نکالتا ہے اس کا ایک سیرت نمبر بھی بالالتزام ۱۹۶۹ء سے چھپ رہا ہے - اور ہر سال ایک خصوصی شمارہ اس عنوان سے شائع کیا جاتا ہے ۔ اس ضمن میں انہوں نے ۱۹۸۴ء میں مصباح الدین شکیل صاحب کا مضمون ۔ ”سیرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم : ولادت سے غار حرا تک“ شائع کیا جو کہ اپنی مثال آپ تھا ۔ دوسرا حصہ ”غار حرا سے ہجرت حبشہ تک“ ہمارے سامنے ہے جو کہ ٹائٹل صفحات کے علاوہ ۲۸ صفحات پر مشتمل ہے ۔ جس کا سائز ۸½″ x ۱۱″ ہے کتاب بہت عمدہ ہے مضامین کی ترتیب بھی مثالی ہے ۔ معلومات بھی بہت خوبصورتی اور تحقیق سے جمع کی گئی ہیں ۔ حسب و نسب کے خاکوں اور علاقوں نقشوں نے اس پرچے کو چار چاند لگا دیتے ہیں ۔ اس لحاظ سے خاتم النبیین، سید المرسلین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت نگاری میں اس ادارے نے ایک گراں قدر خدمت انجام دی ہے ۔

البتہ آخر میں ایک گذارش کرنا ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ جس طرح کتابت

© rasailojarai